Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کا وفاقی کابینہ کی حلف برداری پر ردعمل

پاکستان تحریک انصاف نے جعلی مینڈیٹ پر مبنی کابینہ کو جعلی قرار دے کر مسترد کردیا

عوام کے ہاتھوں ذلت آمیز شکست کھانے والے کردار حد درجہ ہٹ دھرمی اور بے شرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جعلی اور غیر آئینی کابینہ کا حلف اٹھانے جا رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

جعلی وزیراعظم کی جعلی کابینہ بظاہر غیر آئینی نگران حکومت کا ایک تسلسل معلوم ہوتی ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوام کے غیر منتخب لوگوں کو وزیراعظم اور صدر کے عہدوں پر 'الیکٹ' کرنے کے بعد مسترد شدہ مجرموں کو وزارتوں کی بندر بانٹ نام نہاد جمہوری نظام کے چہرے پر طمانچہ ہے، ترجمان تحریک انصاف

گزشتہ دو سالوں کے دوران ملکی معیشت کو تباہی کی دلدل میں دھکیلنے کے ذمہ داران کی ایک مرتبہ پھر اہم عہدوں پر تعیناتی عوام دشمنی کے سوا کچھ نہیں، کرائم منسٹر شہباز شریف کی پی ڈی ایم حکومت کی کم و بیش 100 رکنی کابینہ کی 'کارکردگی' کی قیمت آج تک پاکستانی قوم ادا کر رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

وفاقی کابینہ میں محسن نقوی جیسے ناموں کی شمولیت نے نگران حکومت اور الیکشن کمیشن کے جانبدارانہ اور غیر آئینی کردار پر مہر تصدیق ثبت کردی ہے، ترجمان تحریک انصاف

شریف اور زرداری خاندان کے خاص ملازمین کی جی حضوری کے بدلے میں جعلی کابینہ میں شمولیت کے ذریعے خصوصی نوازشات جمہوریت اور عوام کی توہین ہے، جعلی فارم 47 کی بنیاد پر تشکیل دی جانے والی غیر آئینی اور جعلی کابینہ کو یکسر مسترد کرتے ہیں، پاکستانی قوم نے زبردستی مسلط کیے جانے والے مجرموں کے خلاف اپنی آواز بلند کرکے فیصلہ سنا دیا ہے کہ وہ ان کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

ہارے ہوئے لوگوں کے خوف اور بوکھلاہٹ کا یہ عالم ہے کہ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے کے بعد طاقت کے استعمال سے عوام کی آواز سلب کرنے کی غیر آئینی کوششوں پر عمل پیرا ہیں، ترجمان تحریک انصاف

جمہوریت اور عوام کے مینڈیٹ کی مسلسل توہین کیلئے ریاستی مشینری کا خلافِ قانون استعمال ترک کیا جائے اور ملک کو مزید عدم استحکام میں دھکیلنے کی کوششوں سے باز رہا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ